# رُومیوں میں نجات کی شاہراہ سے کیا مُراد ہے؟



**جواب :** رُومیوں میں نجات کی شاہراہ دراصل رُومیوں کے نام پَولُس رسول کے خط میں سے مختلف آیات کو لیکر نجات کی خوشخبری کی وضاحت کرنا ہے۔ یہ بہت سادہ لیکن بہت زبردست طریقہ ہے جس کے ذریعے سے ہم یہ بیان کر سکتے ہیں کہ ہمیں نجات کیوں چاہیے، خُدا نے ہمارے لیے نجات کا انتظام کس طرح کیا ہے، ہم نجات کیسے حاصل کر سکتے ہیں اور نجات حاصل کر لینے کے نتائج کیا ہیں۔

رُومیوں میں نجات کی شاہراہ پر پہلی آیت ہے رُومیوں 3 باب 23 آیت "اِس لئے کہ سب نے گناہ کیا اور خُدا کے جلال سے محروم ہیں"۔ ہم سب نے گناہ کیا ہے، ہم سب نے وہ کام کئے ہیں جو خُدا کو ناخوش کرتے ہیں۔ کوئی بھی شخص ایسا نہیں ہے جو گناہوں سے مبّرہ ہو۔ رُومیوں 3 باب 10-18 آیات اِس حوالے سے ایک تفصیلی تصویر پیش کرتی ہے کہ ہماری زندگی میں گناہ کس طرح نظر آتا ہے۔ رُومیوں میں نجات کی شاہراہ پر دوسرا حوالہ رُومیوں 6 باب 23 آیت ہے جو ہمیں گناہ کے نتائج یا انجام کے بارے میں سکھاتی ہے–"کیونکہ گناہ کی مزدوری موت ہے مگر خُدا کی بخشش ہمارے خُداوند مسیح یسوع میں ہمیشہ کی زندگی ہے۔" جو سزا ہم نے اپنے گناہوں کی بدولت کمائی ہے وہ موت ہے۔ اور یہ نہ صرف جسمانی موت ہے بلکہ رُوحانی موت بھی ہے۔

رُومیوں میں نجات کی شاہراہ پر تیسرا حوالہ دراصل رُومیوں 6 باب 23 آیت کا ہی دوسرا حصہ ہے جس میں لکھا ہے کہ "مگر خُدا کی بخشش ہمارے خُداوند مسیح یسوع میں ہمیشہ کی زندگی ہے۔" رُومیوں 5 باب 8 آیت اعلان کرتی ہے کہ "لیکن خُدا اپنی محبت کی خوبی ہم پر یوں ظاہر کرتا ہے کہ جب ہم گناہ گار ہی تھے تو مسیح ہماری خاطر مؤا۔" خُدا یسوع ہمارے لئے مرا۔ خُداوند یسوع کی موت نے ہمارے گناہوں کا کفارہ ادا کیا یعنی گناہ کی قیمت ادا کی۔ اور خُداوند یسوع کا مُردوں میں سے جی اُٹھنا یہ ظاہر کرتا ہے کہ خُدا باپ نے ہمارے گناہوں کی خاطر خُداوند یسوع کی موت کو بطورِ کفارہ قبول کر لیا ہے۔

رُومیوں میں نجات کی شاہراہ پر چوتھا پڑاؤ ہے رُومیوں 10 باب 9 آیت "کہ اگر تو اپنی زُبان سے یسوع کے خُداوند ہونے کا اِقرار کرے اور اپنے دل سے ایمان لائے کہ خُدا نے اُسے مُردوں میں سے جلایا تو نجات پائے گا۔" کیونکہ خُداوند یسوع نے ہماری خاطر بلکہ ہماری جگہ پر اپنی جان قربان کی ہے، ابھی ہمیں بس یہ کرنا ہے کہ ہم یہ بھروسہ رکھتے ہوئے اُس پر یمان لائیں کہ اُسکی موت نے ہمارے گناہوں کا مکمل کفارہ ادا کر دیا ہے–پھر ہم اُس کے وسیلے نجات پائیں گے۔ رُومیوں 10 باب 13 آیت پھر یہ بات بیان کرتی ہے کہ "جو کوئی خُداوند کا نام لے گا نجات پائے گا۔" خُداوند یسوع نے ہمارے گناہوں کا کفارہ ہونے کے لیے اپنی جان دی اور ہمیں ابدی ہلاکت سے بچا لیا۔ نجات، گناہوں کی معافی، ہر اُس انسان کے لئے میسر ہے جو خُداوند یسوع مسیح کو اپنے شخصی نجات دہندہ کے طور پر قبول کرتا ہے۔

رُومیوں میں نجات کی شاہراہ کا آخری پہلو نجات کے نتائج کے بارے میں ہے۔ رُومیوں 5 باب 1 آیت میں ایک حیرت انگیز پیغام پایا جاتا ہے۔ "پس جب ہم ایمان سے راستباز ٹھہرے تو خُدا کے ساتھ اپنے خُداوند یسوع مسیح کے وسیلہ سے صلح رکھیں۔" خُداوند یسوع مسیح کے وسیلہ سے ہم خُدا کے ساتھ صلح کا رشتہ رکھ سکتے ہیں۔ رُومیوں 8 باب 1 آیت ہمیں سکھاتی ہے کہ "پس اب جو مسیح یسوع میں ہیں اُن پر سزا کا حکم نہیں۔" چونکہ خُداوند یسوع نے ہماری خاطر جان دی پس اُس کی موت کی بدولت ہم اپنے گناہوں کی وجہ سے مجرم نہیں ٹھہرائے جائیں گے۔ اور آخر میں رُومیوں 8 باب 38-39 آیات میں ہمارے پاس خُدا کا ایک خوبصورت اور قیمتی وعدہ ہے:" کیونکہ مجھ کو یقین ہے کہ خُدا کی جو

محبت ہمارے خُداوند مسیح یسوع میں ہے اُس سے ہم کو نہ موت جدا کر سکے گی نہ زندگی۔ نہ فرشتے نہ حکومتیں۔ نہ حال کی نہ استقبال کی چیزیں۔ نہ قدرت نہ بلندی نہ پستی نہ کوئی اور مخلوق۔"



کیا آپ رُومیوں میں موجود نجات کی شاہراہ پر چلنا چاہتے ہیں؟ اگر ایسا ہے تو یہاں پر دُعا کا ایک نمونہ پیش کیا گیا ہے۔ یاد رکھیں کہ یہ دُعا یا کوئی بھی دوسری دُعا آپ کو بچا نہیں سکتی۔ صرف مسیح خُداوند پر اپنے شخصی نجات دہندہ کے طور پر ایمان لانے کے ذریعہ سے ہی آپ اپنے گناہوں کی سزا سے بچ سکتے ہیں۔ یہ دُعا محض ایک ذریعہ ہے اور اِس بات کا اقرار ہے کہ آپ خدا پر اپنے ایمان کا اقرار کرتے ہیں اور اُس کا شکر ادا کرتے ہیں کہ اِس نے آپ کے لئے نجات کا انتظام کیا۔

"اَے خدا باپ! مَیں جانتا / جانتی ہوں کہ مَیں نے تیرے خلاف گناہ کیا ہے اور مَیں سزا کا / کی مستحق ہوں۔ مُجھے تیرے کلام کی روشنی میں یہ بھی معلوم ہے کہ خُداوند یسوع مسیح نے میری سزا کو اپنے اوپر لے لیا۔ تا کہ اُس پر اِیمان لا کر مَیں نجات پاؤں۔ مَیں نجات کے لئے اپنا بھروسہ تجھ پر رکھتا / رکھتی ہوں۔ تیری اِس عجیب بخشش اور فضل کے لیے اور ہمیشہ کی زندگی کے اِس انعام کے لئے تیرا شکر ہو۔ آمین۔